نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

12 جنوری 2011ء

برائے فوری اجراء

010/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی تعاون سے خیبر پختونخوا میں سڑکوں کی تعمیر نو سے معمولاتِ زندگی میں بہتری

25 ملین ڈالر مالیت کے رنگ روڈ منصوبے پر کام شروع

پشاور (12 جنوری 2011ء)___ صوبہ خیبر پختونخوا اور امریکہ کے حکام نے آج یہاں 25 کلومیٹر طویل پشاور جنوبی بائی پاس (رنگ روڈ) کی تعمیر نو کا علامتی سنگِ بنیاد رکھنے کی ایک تقریب میں شرکت کی۔ امریکہ کے مالی تعاون سے جاری اس منصوبے کے تحت سلامتی کی صورتحال بہتر بنانے اور خیبر پختونخوا میں معاشی ترقی کو فروغ دینے کیلئے اس اہم صوبائی شاہراہ کی تعمیر نو کیلئے 25 ملین ڈالر فراہم کیے جائیں گے۔

رنگ روڈ کی تعمیر نو امریکہ کی جانب سے پاکستان کی معاشی، سماجی ترقی اور جمہوری عمل کے فروغ میں مدد دینے کیلئے وسیع تر اشتراک کار کا حصہ ہے۔

اس منصوبے پر تعمیر کا کام پہلے ہی شروع ہو چکا ہے، جس سے رنگ روڈ کو بہتر بنایا جائے گا اور اس کو دو رویہ سے بڑھا کر تین رویہ کر دیا جائے گا۔ منصوبے میں سروس روڈ، اطراف میں سبزہ، وسطی رقبہ اور نکاسی آب کیلئے نالوں کی تعمیر بھی شامل ہے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکی نائب وزیر خارجہ برائن نکولز نے کہا کہ رنگ روڈ کی تکمیل سے ٹریفک کی بندش میں کمی، تجارتی اور کاروباری مواقع میں اضافہ اور اس علاقے کی آبادیوں کو قانون کے نفاذ اور ہنگامی خدمات تک رسائی میں بہتری ہوگی۔

برائن نکولز کے علاوہ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ امیر حیدر خان ہوتی، سینئر صوبائی وزیر بشیر احمد بلور اور پاکستان کیلئے اقتصادی اور ترقیاتی امداد کی رابطہ کار سفیر رابن رافیل نے بھی تقریب میں شرکت کی۔

گزشتہ بیس سالوں کے دوران امریکہ نے خیبر پختونخوا اور فاٹا میں 900 کلومیٹر طویل سڑکیں تعمیر کرنے کیلئے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3